© rasailojaraid.com

آپ کو ملک میں اقلیت محسوس کرتے ہیں۔

(Adam Schiwarz, Foreign Affairs, July / August 1997)

☆☆☆☆ انڈونیشیا

## سوہارتو کے انڈونیشیا میں جمہوری عمل اور سیاسی جانشینی (23)

انڈونیشیا میں اوپر سے نیچے کی جانب جمہوری عمل کی اپروچ کا مقصد سوہارتو کے اقتدار کو مضبوط بنانا ہے۔ بلاشبہ سوہارتو کے 30 سالہ اقتدار میں اہم سماجی اور اقتصادی تبدیلیاں روبہ عمل آئی ہیں، تاہم جمہوری قوتیں مثلاً "غیر سرکاری تنظیمیں نسبتاً" کمزور رہی ہیں۔ "جمہوری عمل" یا "کشادگی" کی حکمت عملی سوہارتو نے نئی صورتحال سے نبٹنے کے لئے اختیار کی ہے، جو ۸۰ء کی دہائی کے اواخر میں سوہارتو کی حمایت کے سوال پر فوج میں تقسیم کے نتیجے میں پیدا ہوئی۔ ریٹائرڈ فوجی افسر سوہارتو کے خلاف بہت برہم ہیں۔ البتہ حاضر سروس فوجی افسران کھلے عام تنقید نہیں کرتے۔ اس لئے ان کی آراء واضح نہیں ہیں۔ ان تبدیلیوں نے صدر کو مجبور کیا ہے کہ وہ اعتدال پسند مسلمانوں کو اپنے ساتھ ملائیں اور اقتدار میں رہنے کے لیے اپنی حمایت کا دائرہ وسیع کریں۔ 1980ء کی دھائی کے اواخر سے انہوں نے اسلام کے سلسلے میں اپنی پالیسی میں تبدیلی کی ہے اور وہ بہت سے اعتدال پسند مسلمانوں، بالخصوص دیہی علاقوں سے حمایت حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ سوہارتو فوج کے اثر کو ختم کرنے کی بجائے کم کر رہے ہیں اور اپنی حمایت کا دائرہ وسیع کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ وہ وسائل پر قبضے کے ذریعے اختیارات اپنے ہاتھوں میں رکھنا چاہتے ہیں، تاکہ انڈونیشیا کے سرپرست اعلیٰ کے طور پر وہ اپنی حیثیت کو برقرار رکھ سکیں۔ جمہوریت سوہارتو کی رخصتی کے بعد ہی شروع ہوگی۔

(Leo Suryadinata, Asian Survey, March 1997)

مشرق وسطیٰ عمومی

## پرانے مشرق وسطیٰ میں طاقت کا نیا توازن (26)

تجزیے میں اسرائیل اور ترکی کے درمیان نئے فوجی معاہدے کی اہمیت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ اس کی کامیابی سے خطے میں امریکہ کے غلبے کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ یہ معاہدہ بیدار ہوتے عالم اسلام اور مغرب کے درمیان سیموئیل ہنٹنگٹن کے الفاظ میں "تہذیبوں کے تصادم" سے بچنے میں کردار ادا کرے گا اور عرب دنیا میں قیادت، ترقی، آزاد



© rasailojaraid.com